# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام:الفاظ و جملہ سازی | |

**مقاصد:** زبر والے الفاظ و جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 18۔ مختلف تصاویر پر مبنی کاغذ کی بنی گاجریں اور خرگوش۔ زبر کا فلیش کارڈ



## تحریکی سرگرمی:(5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب تختہ تحریر پر چارٹ پیپر کا بنا ہوا خرگوش چسپاں کر دیں اور اس کے سامنے چند گاجروں کی تصاویر جن پر بکری، خط کا لفافہ، برف، گھر اور برتن وغیرہ کی تصاویر لگی ہوں رکھ دیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں بکری، خط کا لفافہ، برف، گھر اور برتن کی تصویر رکھیں اور یہ ٹوکری باری باری پانچوں گروہوں کے سامنے کریں اور ان سے کہیں کہ وہ اس میں سے کوئی سی ایک تصویر اٹھا لیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ میں سے مختلف بچے باری باری یہاں آئیں گے اور خرگوش کو گاجریں کھلائیں گے۔
- اب کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اسے کہیں کہ وہ بتائے کہ اس کے پاس کس چیز کی تصویر کا فلیش کارڈ ہے؟
- پھر اس سے کہیں کہ وہ تصویر پر مبنی گاجر ڈھونڈ کر نکالے اور اس تصویر کے نام کی آواز کی ادائی کرتے ہوئے وہ گاجر خرگوش کو کھلائے۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جیتنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- اب بچوں کو زبر کی علامت کا فلیش کارڈ دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ کیا اُنھوں نے کہیں یہ علامت دیکھی ہے؟
- جو بچے پارہ پڑھتے ہیں، انھیں پتا ہو گا اگر نہیں، تو تختہ تحریر پر زبر لکھیں اور اس کے ساتھ اس کی علامت لکھیں۔
- بچوں کو علامت کا نام اور آواز بتائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ زبر کی علامت حرف کے اوپر ترچھی لکیر کی صورت لگائی جاتی ہے۔
- اس کی آواز حرف "الف" کی آواز سے ملتی جلتی ہے۔
- یہ علامت حرف کی آواز کو اُوپر اٹھاتی ہے لیکن اس کی آواز کی ادائی حرف "الف" کی آواز سے تھوڑا کم ہوتی ہے۔
- مثال کے لیے تختہ تحریر پر حرف "الف" لکھیں اور اااا کی پہلے خود ادائی کریں پھر بچوں سے آواز کی ادائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھلوائیں۔





- کتاب کے صفحے پر لکھے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ الفاظ کے ہجے کر کے بچوں کو پڑھائیں۔
- اس کے بعد علامت زبر کا اضافہ کر کے بچوں کو الفاظ کی ادائی کروائیں۔
- الفاظ کو یاد کروانے کے بعد بچوں کو ان الفاظ کی مدد سے چھوٹے چھوٹے جملے لکھ کر دیں۔
- مثلاً: رَب رَب کر۔ پھل کھا۔ شربت پی۔ وغیرہ
- بچوں سے بھی مختلف الفاظ کے جملے بنوائیں۔
- درست جملے بنوانے والے بچے کو شاباش دیں۔ غلط جملہ بتانے والے بچے کی پیار سے اصلاح کریں۔
- بچوں سے ان کی کاپی نکلوائیں۔
- ان سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے الفاظ اور جملوں کو لکھنے کی مشق کریں اور ان الفاظ پر اعراب کا اضافہ کریں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر زبر کے چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) گھر سے زبر والے مزید الفاظ کاپی پر لکھ کر لانے ہیں۔ ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# زبر کی علامت کا فلیش کارڈ



## ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ پر زبر کی علامت لگائیں۔

بس

گھر

چڑھ

شربت

برتن

پھل

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: الفاظ و جملہ سازی | |


**مقاصد:** زیر والے الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 18۔ ٹوکری، بچوں کے ناموں کی پرچیاں



## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)


- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب ایک ٹوکری میں مختلف بچوں (چھے سے سات) کے ناموں کی پرچیاں ڈال دیں۔
- پھر اس میں سے باری باری پرچیاں نکالیں اور جس بچے کا نام آئے، اسے کوئی لفظ بتائیں۔
- وہ بچہ تختہ تحریر پر وہ لفظ لکھ کر اس پر زبر کی علامت لگائے گا اور اس کی آواز کی ادائی کرے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔
- درست کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- غلط کام کرنے والے بچوں کی پیار سے اصلاح کریں۔




## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو زیر ( ِ) کی علامت کا فلیش کارڈ دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے کہیں یہ علامت دیکھی ہے؟ جو بچے پارہ پڑھتے ہیں ، انھیں پتا ہو گا اگر نہیں تو تختہ تحریر پر زیر لکھیں اور اس کے ساتھ اس کی علامت ( ِ) لکھیں۔
- بچوں کو علامت کا نام اور آواز بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ زیر کی آواز مصوتہ "ی" کی آواز سے ملتی ہے۔
- پھر انہیں زیر کی آواز کی ادائی کروائیں۔
- مثال کے لیے انھیں اِاِاِاِاِ کی آواز نکلوائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ زیر کی علامت ہمیشہ حروف کے نیچے آتی ہے اور ان کی آواز کو نیچے کی طرف کھینچتی ہے۔
- تختہ تحریر پر ایک لفظ کو دو بار لکھیں۔ جیسے: گھَر اور گھِر۔ ایک لفظ پر زبر لگا دیں اور دوسرے لفظ کے نیچے زیر لگا دیں۔
- زیر کی علامت پر انگلی رکھیں اور بچوں کو بتائیں، جب یہ علامت کسی حرف کے نیچے لگائی جاتی ہے تو اسے "زیر" کہتے ہیں اور یہ جس حرف کے نیچے لگائی جاتی ہے اس حرف کی آواز کو نیچے کی طرف کھینچتی ہے۔
- اس مقصد کے لیے استاد چند حروف تہجی تختہ تحریر پر لکھیں اور ان کے نیچے "زیر" لگا کر ان میں سے ایک یا دو حروف کی آوازوں کی ادائی استاد خود کریں اور باقی کی ادائی بچوں سے کروائیں۔
- زیر کی ادائی کے پختہ ہونے کے بعد بچوں سے چند الفاظ پر زبر اور چند کے نیچے زیر لگا کر جلدی جلدی ان الفاظ کی ادائی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر سب بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھلوائیں۔ اب تختہ تحریر پر حرف "ا" لکھیں اور اس کی آواز کی ادائی کروائیں۔

- پھر حرف "ا" پر زیر کی علامت لگائیں اور اس کے ساتھ حرف "ب" لکھ کر بچوں سے کہیں کہ الف حرف کے نیچے زیر لگانے سے لفظ بنا "اِب" لفظ کی ادائی پہلے خود کریں بعد ازاں بچوں سے اس لفظ کی ادائی کروائیں۔
- اسی طرح بچوں کو اس صفحے پر موجود زیر والے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ کون سے نام ہیں جن میں زیر کی علامت استعمال ہوتی ہے۔ جیسے: عادِل، حارِث، نادِر وغیرہ
- اس کے بعد بچوں کو بورڈ پر چند زیر کے الفاظ لکھ کر ان کی مدد سے جملے بنوائیں۔




- اسی طرح تمام الفاظ کے جملے بنا کر لکھیں۔
- اس کے بعد بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔ درست کام کرنے والے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند زیر والے الفاظ لکھیں لیکن زیر نہ لکھی ہوں۔ متفرق بچوں کو بلائیں اور کہیں کہ وہ ان الفاظ پر درست جگہ پر زیر کی علامت لگائیں اور ان الفاظ کے جملے بھی بنا کر سنائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے زیر پر مبنی پانچ پانچ الفاظ اور ان سے بننے والے جملے لکھ کر لانے ہیں۔ ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## زیر کی علامت کا فلیش کارڈ



# ورک شیٹ

زیر کی علامت لگا کر الفاظ دو بارہ لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| طب | | بارش | |
| قابل | | ماہر | |
| تل | | رازق | |
| عالم | | ضد | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام:الفاظ و جملہ سازی | |

**مقاصد:** پیش والے الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 19۔ شیشے کا جار، الفاظ پر مبنی پرچیاں




## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں ایک جار لے کر جائیں جن میں زبر اور زیر پر مبنی الفاظ کی پرچیاں ہوں۔
- جماعت کے چار گروہ بنائیں اور ہر گروہ کو دو دو الفاظ پر مبنی پرچیاں اُٹھانے کو کہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان پرچیوں کو کھول کر ان الفاظ کو پڑھیں۔
- اب ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ کھڑے ہو کر بتائیں کہ ان کے پاس کن الفاظ پر مبنی پرچیاں ہیں۔
- جب ایک گروہ کے بچے الفاظ ادا کر رہے ہوں تو باقی گروہوں کے بچوں سے کہیں کہ وہ اس بات کا دھیان رکھیں کہ پڑھنے والا بچہ درست تلفظ سے الفاظ پڑھ رہا ہے۔
- غلط تلفظ پر بچے کو ٹوک کر دوبارہ خود لفظ کی ادائی کریں۔
- درست تلفظ کے ساتھ الفاظ کی ادائی کرنے پر بچوں کو شاباش دیں۔ غلط ادا کرنے والے کی پیار سے اصلاح کی جائے۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- بچوں کو زبر اور زیر کی علامت کے کارڈ دکھائیں اور ساری جماعت کے بچوں سے ایک ساتھ ان آوازوں کی ادائی کروائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند حرف الفاظ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ علامت زبر حرف الف پر لگانے سے الف کی آواز کیا ہو گی؟
- جیسے حرف "ا" پر علامتِ زبر کا کارڈ دکھانے پر بچے بولیں "اَ"۔
- اس کے بعد یہ طریقہ زیر کی علامت پر بھی کریں۔
- اسی طرح حرف "ا" پر علامتِ زیر والے کارڈ کو دیکھ کر تمام بچے بولیں "اِ"۔
- مزید تین سے چار مختلف حروفِ تہجی کے کارڈ دکھائیں اور زبر اور زیر کی علامت کی آواز کی ادائی کروائیں۔
- اب صرف "پیش" کی علامت کا کارڈ دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کیا اس علامت کو بچے پہچانتے ہیں؟
- جو بچے قاری سے پڑھتے ہوں گے وہ فوراً اس کی آواز اور نام بتائیں گے۔
- انھیں شاباش دیں اور جماعت کے باقی بچوں کو بتائیں کہ اسے "پیش" کہتے ہیں اور جس حرف پر یہ علامت لگی ہو اس حرف کی آواز کو گولائی میں ادا کیا جاتا ہے۔
- جیسے حرف "ا" پر پیش کی علامت لگانے سے "ا" کی آواز اُ بنے گی۔

- اس امر کی مزید وضاحت کے لیے مختلف حروفِ تہجی پر اس علامت کو لگا کر استاد خود دو بار اس کی آواز کی ادائی کرنے کے ساتھ ساتھ بچوں سے بھی اپنے ساتھ دہرانے کے لیے کہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ُ | اَ | اِ | اُ |

- اس کے بعد بچوں سے ان کی کتاب کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیں اور پہلی لائن کے تمام الفاظ کی پہلے بلند آواز میں خود پڑھائی کریں اور بچوں سے کہیں کہ وہ آپ کے ساتھ ساتھ ان الفاظ کو دہرانے کی مشق کریں۔
- اس کے بعد جماعت کے کسی ہوشیار بچے سے ان الفاظ کی ادائی کروائیں۔
- جب تک جماعت کے تمام بچوں کو علامت پیش کی درست آواز کی پہچان نہ ہو جائے۔
- اس کے بعد باقی دونوں لائنوں کی بھی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد پیش پر مبنی چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو ان کے جملے لکھوائیں۔

جیسے:

مُجھے | کُرسی | دو ⟷ مُجھے کُرسی دو

پُل | پر | مُرغی | ہے ⟷ پُل پر مُرغی

- اسی طرح مزید الفاظ کے بھی جملے لکھیں اور بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔
- بعد ازاں چند الفاظ کے بچوں سے زبانی جملے بنوائیں۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- غلط کام کرنے والے بچوں کی پیار سے اصلاح کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ پر پیش لگائیں اور ان کے جملے بھی لکھیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے پیش پر مبنی الفاظ گھر سے لکھ کر لانی ہے۔

## پیش کی علامت کا فلیش کارڈ



# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام:الفاظ و جملے | |

**مقاصد:** جزم یا سکون کے الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 19۔ شیشے کا جار، الفاظ کے حروف کی پرچیاں




**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔
- انھیں ٹیم الف اور ٹیم ب کا نام دیں۔ اپنی مرضی اور پسند کے مطابق ٹیموں کے نام تبدیل بھی کیے جاسکتے ہیں۔ جیسے: ٹیم پھول اور ٹیم تتلی۔
- تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں اور ان پر ٹیم الف اور ٹیم ب لکھ دیں۔
- ایک جار لیں اس میں زبر، زیر اور پیش کے حامل الفاظ کے حروف کی پرچیاں ڈال کر لائیں۔
- اب ٹیم الف کے کسی بچے کو بلائیں۔ ٹیم الف کا بچہ جار میں سے پرچی نکال کر اس پر لکھے ہوئے حروف پڑھے گا۔
- پڑھنے سے پہلے اسے ہدایات دیں کہ درست تلفظ کا خصوصی خیال رکھے۔
- وہ بچہ حروف پڑھے گا اور دوسری ٹیم ان حروف کو ملا کر بننے والا لفظ بتائے گی۔
- غلط پڑھنے اور غلط الفاظ بتانے کی صورت میں متعلقہ ٹیم کا ایک نمبر کاٹا جائے گا۔
- اس کے لیے دونوں ٹیموں کو ایک ایک منٹ دیا جائے گا۔
- ایک منٹ پورا ہوتے ہی باری دوسری ٹیم کو دی جائے گی۔
- پھر دوسری ٹیم یہ سرگرمی ایک منٹ میں کرے گی۔
- سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو علامت جزم کا فلیش کارڈ دکھائیں۔ بچوں سے علامت کا نام پوچھیں۔ بچے جزم کے بارے میں بتا نہیں پائیں گے، سوائے ان بچوں کے جو پارہ پڑھتے ہیں۔
- اس کے علاوہ اگر کوئی بچہ جزم کی علامت کو شناخت کر لے تو اسے شاباش دیں اور جماعت کے بچوں سے اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ یہ علامت الفاظ کے جن حروف پر لگی ہو، وہ ساکن ہوتے ہیں یعنی ان کی کوئی حرکت نہیں ہوتی۔
- اب بورڈ پر مختلف چیزوں کی تصاویر لگا دیں یا ان کے نام لکھ دیں جن میں علامت (جزم) کا استعمال ہوا ہو۔ جیسے: مسجد، بکری، بستر وغیرہ۔
- بچوں سے ان چیزوں کے نام دریافت کریں۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیں۔
- صفحے پر موجود تمام الفاظ بورڈ پر جزم کی علامت کے ساتھ باری باری لکھ دیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔

- دو سے تین بار الفاظ کہلوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان الفاظ میں کون سی علامت ایک جیسی ہے؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں۔
- اس کے بعد آج صفحہ نمبر 19 پر موجود جزم پر مشتمل الفاظ پڑھنے کے لیے بچوں سے کہیں کہ وہ ایک بار خاموشی سے تمام الفاظ پڑھیں اور ان حروف کے گرد پنسل سے دائرہ لگائیں، جن پر جزم کی علامت لگی ہوئی ہے۔
- اب جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ تمام الفاظ کو یکساں تعداد میں چار چھوٹی ٹوکریوں یا ڈبّوں میں ڈال کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- اب ہر گروہ کے بچے اپنی اپنی ٹوکری میں سے الفاظ کی پرچیاں اٹھا کر باری باری ایک ایک لفظ پڑھیں۔
- اعراب کی وجہ سے حروف میں آنے والی تبدیلی کا خصوصی طور پر جائزہ لیں۔
- جہاں مناسب سمجھیں اور ضرورت ہو اصلاح فرمائیں۔ آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد جزم پر مبنی چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو ان کے جملے لکھوائیں۔ جیسے:




- اسی طرح مزید الفاظ کے بھی جملے لکھیں اور بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔
- بعد ازاں چند الفاظ کے بچوں سے زبانی جملے بنوائیں۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- غلط کام کرنے والے بچوں کی پیار سے اصلاح کریں۔


**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصر اَسباق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) تختہ تحریر پر مختلف الفاظ لکھیں ان الفاظ کی ادائی بچوں سے کروائیں۔

اب جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری بلائیں اور ان حروف کے گرد دائرہ لگائیں جن کی آواز لفظ میں ساکن ہے۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے مزید پانچ پانچ جزم کی علامت پر مشتمل الفاظ لکھ کر لانے ہیں۔

## جزم کی علامت کا فلیش کارڈ



# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: الفاظ و جملہ سازی | |

**مقاصد:** نون غنہ کے الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 20۔ گیند، ٹوکری۔ مکمل حروف تہجی۔ انڈا، جھنڈا، ہنڈی، بھینس کی تصویریں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلالیں۔ سب بچوں کو دائرے میں کھڑا کر دیں اور خود بھی دائرے میں ان کے ساتھ کھڑے ہو جائیں۔
- اب کسی بچے کی طرف گیند اچھالیں اور اسے کوئی لفظ بتائیں۔
- وہ بچہ گیند پکڑے گا اور اس لفظ کا کوئی زبانی جملہ بتائے گا۔
- پھر وہ بچہ گیند اپنے آگے کھڑے بچے کی طرف اچھال دے گا اور استاد اس بچے کو کوئی نیا لفظ بتائے گا۔
- اس طرح سے یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔
- یہ سرگرمی دو منٹ تک کریں۔ جس گروہ کے بچوں نے درست طور پر یہ سرگرمی کی ہو گی، وہ گروہ فاتح قرار پائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- ایک ٹوکری میں مکمل حروف تہجی کے حروف رکھ لیں۔
- ایک ٹوکری میں انڈا، جھنڈا، ہنڈی، بھینس کی تصویریں رکھیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں۔
- اب دونوں گروہوں میں سے ایک ایک بچہ بلائیں، استاد اسے انڈے کی تصویر دکھاتے ہوئے پہلے اس کا نام باقی جماعت سے پوچھیں۔
- اب بلائے گئے ایک بچے سے لفظ "انڈے" میں موجود اصوات کے بارے میں دریافت کریں۔ (ا، ن، ڈ، ا)۔ اور دوسرے بچے سے کہیں کہ مکمل حروف تہجی والی ٹوکری میں سے لفظ "انڈا" کے حروف نکال کر جماعت کے ساتھیوں کو دکھائے۔
- اسی طرح تمام اشیا / تصاویر کے نام، ان کے حروف کی شناخت مختلف بچوں سے کروائیں۔
- اب بچوں کو نون غنہ کارڈ دکھائیں۔ اس کا نام بتائیں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ان الفاظ کی پڑھائی کریں گے جن کے آخر میں نون غنہ موجود ہے۔
- اب بورڈ پر لفظ دانت لکھیں۔ ا "ن" کے اُوپر اُلٹی جزم لگائیں۔ بچوں سے لفظ پڑھوائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ "ں" نون غنہ جب الفاظ کے درمیان میں آتا ہے تو اس کے اوپر اُلٹی جزم لگائی جاتی ہے۔ ا

- س طرح سے یہ سر گرمی الفاظ "سانپ، رنگ، ہنڈی، چاند، سانس" پر کروائیں۔
- اب بورڈ پر لفظ "ماں" لکھیں۔ بچوں سے پڑھوائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ نون غنہ جب الفاظ کے آخر میں آئے تو خالی نون یعنی "ں" لکھا جاتا ہے۔
- اس طرح سے الفاظ "ناں جاں، ہاں، ہوں، چوں، کہاں، یہاں گاؤں، پاؤں" پر کروائیں۔
- الفاظ کو دو سے تین بار کہلوائیں۔ آئیں بات کریں کے تحت دیے ہوئے سوالات بھی بچوں سے پوچھیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 20 کھلوائیں۔ اور بچوں سے غنہ والے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد غنہ والے چند الفاظ کی مدد سے بچو کو جملے بنانا سکھائیں۔ اس کے لیے بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور ان کے جملے بنا کر لکھیں۔ جیسے:

دانْت | صاف | کر ⟷ دانت صاف کر

جھنْڈا | ہرا | ہے ⟷ جھنڈا ہرا ہے۔

- اس کے بعد غنہ پر مبنی چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو ان کے جملے لکھوائیں۔
- اسی طرح مزید الفاظ کے بھی جملے لکھیں اور بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔
- بعد ازاں چند الفاظ کے بچوں سے زبانی جملے بنوائیں۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- غلط کام کرنے والے بچوں کی پیار سے اصلاح کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان الفاظ کی درست جگہ پر غنہ کی علامت لگانے کو کہیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے غنہ کے چار چار الفاظ لکھ کر لانے ہیں۔

نون غنہ کی علامت کا فلیش کارڈ

ں

# سبقی منصوبہ بندی

| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
|---|---|---|
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: الفاظ و جملہ سازی | |

**مقاصد:** تشدید کے الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 20۔ ٹوکری۔ مکمل حروفِ تہجی کے کارڈ۔

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- ایک ٹوکری میں "مکھّی، مچھّر، رسّی، پتّے، ڈبّے، اور بلّے" کی تصویریں رکھیں اور دوسری ٹوکری میں مکمل حروفِ تہجی کے کارڈ۔
- اب جماعت میں سے ایک ایک بچہ بلائیں، استاد اسے مکھّی، کی تصویر دکھاتے ہوئے پہلے اس کا نام باقی جماعت سے پوچھیں۔
- اب بلائے گئے ایک بچے سے لفظ "مکھّی" میں موجود اصوات کے بارے میں دریافت کریں۔ (م، کھ، کھ، ی)
- اور دوسرے بچے سے کہیں کہ مکمل حروف تہجی والی ٹوکری میں سے لفظ "مکھّی" کے حروف نکال کر جماعت کے ساتھیوں کو دکھائے۔
- اسی طرح تمام اشیا/ تصاویر کے نام، ان کے حروف کی شناخت مختلف بچوں سے کروائیں۔
- بچے لفظ "مکھّی" میں موجود "کھ" کے لیے "کھ" کا حرف ایک بار نکالیں گے۔
- آپ اسے درست تسلیم کریں کیوں کہ ابھی آپ نے علامتِ شد کے بارے میں انھیں بتانا ہے۔


**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)




- بچوں کو شد کی علامت کا فلیش کارڈ دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے کبھی یہ علامت دیکھی ہے؟ جو بچے پارہ پڑھتے ہیں، انھیں پتا ہو گا اگر نہیں تو بورڈ پر "شد" لکھیں اور اس کے ساتھ اس کی علامت (ّ) بنائیں۔
- بچوں کو علامت کا نام بتائیں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ان الفاظ کی پڑھائی کریں گے جن کے کچھ حروف پر "شد" کی علامت موجود ہو گی اور ان تصاویر کو بھی دیکھیں گے جن کے نام کے درمیان میں "شد" لگائی جاتی ہے۔
- بورڈ پر مختلف چیزوں کی تصاویر لگا دیں یا ان کے نام لکھ دیں جن میں علامت (شد) کا استعمال ہوا ہو۔ جیسے: مکھی، مچھر، بچہ، بِلّی، وغیرہ۔
- بچوں سے ان چیزوں کے نام دریافت کریں۔
- اب بورڈ پر الفاظ "بلی، بچہ، اچھا، مکھی، صحت، کھٹی، سچا، مچھر، کچا، مٹی" تشدید کی علامت کے ساتھ باری باری لکھ دیں۔
- بچوں سے ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- دو سے تین بار الفاظ کہلوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان الفاظ میں کون سی علامت ایک جیسی ہے؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 20 کھلوائیں۔ اور بچوں سے شد یا تشدید والے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد شد یا تشدید والے چند الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنانا سکھائیں۔
- شد یا تشدید پر مبنی چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو ان کے جملے لکھوائیں۔

جیسے:




- اسی طرح مزید الفاظ کے بھی جملے لکھیں اور بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔
- بعد ازاں چند الفاظ کے بچوں سے زبانی جملے بنوائیں۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- غلط کام کرنے والے بچوں کی پیار سے اصلاح کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) تختہ تحریر پر مختلف الفاظ لکھیں، ان الفاظ کے توڑ اس طرح سے ان کے آگے لکھیں کہ شد یا تشدید والے حروف کو دوبار لکھیں۔ جیسے: لفظ "صِحَّت" کے لیے لکھیں (صح، حَت) ان الفاظ کی ادائی بچوں سے کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ الفاظ کے ان حروف کے گرد دائرہ لگائیں، جن میں "ّ" موجود ہے۔

**جائزہ:**(5منٹ) چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان الفاظ کی درست جگہ پر شد کی علامت لگائیں اور درست لفظ سے اس کی آواز کی ادائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے شد والے الفاظ کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# شد یا تشدید کی علامت کا فلیش کارڈ

ّ